## Notice of expulsion - unsatisfactory participation in learning for students aged 17 years and over

Using the telephone interpreter service to contact the school

# اخراج کا نوٹس - 17 سال اور اس سے زیادہ عمر کے طالبعلموں کی تعلیم میں غیر تسّلی بخش شرکت

سکول سے رابطہ کرنے کے لیے ٹیلیفون انٹرپریٹر (مترجم) کا استعمال

طالبعلم کا نام
Name of student

محترم والد/ محترمہ والدہ/کیئرر کے نام

یہاں منسلک خط اس 'اخراج کے نوٹس - غیر تسّلی بخش شرکت' کی تفصیلات واضح کرتا ہے جو میں نے NSW ڈیپارٹمنٹ آف ایجوکیشن کی طالبعلموں کی طرز عمل کی پالیسی اور معطّلی اور اخراج کے طریق کار کے مطابق آپ کے بچے کو جاری کیا ہے۔

آپ کا بچہ پرنسپل کی اجازت کے بغیر اس سکول میں واپس نہیں آ سکے گا۔ اگر آپ چاہتے ہیں کہ آپ کا بچہ تعلیم جاری رکھے تو اسے داخل کروانے کے لیے مناسب ادارہ تلاش کرنا آپ کی ذمہ داری ہے۔ اگر آپ کو ممکنہ حل تلاش کرنے کے لیے مشورے کی ضرورت ہو تو آپ سکول سے رابطہ کر سکتے ہیں۔

اگر آپ کو یہاں منسلک خط کو سمجھنے میں مشکل ہو تو براہ مہربانی سکول سے رابطہ کریں تاکہ ہم آپ کے لیے وضاحت کر سکیں۔

اگر آپ کو سکول سے رابطہ کرنے کے لیے انٹرپریٹر (زبانی مترجم) کی ضرورت ہو تو براہ مہربانی 131 450 پر فون کریں اور اپنی زبان کا انٹرپریٹر مانگیں۔ آپریٹر کو وہ فون نمبر بتائیں جہاں آپ کال کرنا چاہتے ہیں اور آپریٹر بات چیت میں آپ کی مدد کے لیے ایک انٹرپریٹر لائن پر مہیا کر دے گا۔
اس سروس کے لیے آپ سے کوئی معاوضہ نہیں لیا جائے گا۔

پرنسپل کا نام
Name of Principal

معطّلی کا رسمی انتباہ –
والد/والدہ/کیئرر کا جواب
Principal’s phone number